Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

جب ہم آپ کی رقم کو ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس (Disability Living Allowance) سے ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ (Adult Disability Payment) میں منتقلی

اگر آپ سکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں اور ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس (DLA) ڈپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشنز (DWP) سے حاصل کرتے ہیں، تو آپ کا ڈس ایبلٹی بینیفٹ سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ میں منتقل ہو جائے گا۔

ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس DLA ایوارڈز کو ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں منتقل کرنے کا عمل29 اگست 2022 سے شروع ہوتا ہے۔ اگر آپ 8 اپریل 1948 کو یا اس کے بعد پیدا ہوئے تھے تو ہم اس تاریخ سے آپ کے DLA ایوارڈ کو منتقل کرنا شروع کر دیں گے، اور:

- ڈپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشنز DWP کو آپ کی صحت کی حالت میں تبدیلی کی اطلاع دی ہے
- ایک ایسا DLA ایوارڈ حاصل کررہے ہیں جو ختم ہونے والا ہے یا اس کی تجدید ہونی ہے
- اپنے بینیفٹ کو منتقل کرنے کی درخواست دی ہے۔

اگر مندرجہ بالا کا اطلاق نہیں ہوتا ہے، تو آپ کا ایوارڈ بعد کی تاریخ میں منتقل ہو جائے گا جس کا فیصلہ ہونا باقی ہے۔

منتقلی کے دوران کیا ہوگا؟

جب تک کہ ہم آپ کو ادائیگی کرنا شروع نہیں کرتے DWP آپ کو ادائیگی کرنا جاری رکھے گا۔

سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ کی جانب سے آپ کا بینیفٹ منتقل کرنے کے بعد، ہم آپ کو ایک عبوری ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ (Adult Disability Payment) کا ایوارڈ دیں گے۔ یہ رقم آپ کے DLA کی رقم جتنی ہوگی۔ پیمنٹ میں کوئی تعلطل پیدا نہیں ہوگا۔

ہم منتقلی کے دوران آپ کے ایوارڈ کا دوبارہ جائزہ نہیں لیں گے او نہ اس پر نظرثانی کریں گے۔

منتقلی کے بعد، ہم آپ کو ایک فارم بھیجیں گے تاکہ ہم آپ کے موجودہ حالات کی بنیاد پر آپ کے ایوارڈ پر نظرثانی کرسکیں۔ ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کی اہلیت کے قواعد کا استعمال کرتے ہوئے آپ کے ایوارڈ پر نظرثانی کی جائے گی۔ اس سے آپ کی ادائیگی متاثر ہو سکتی ہے، کیونکہ DLA اور ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ مختلف ہیں۔

اگر کچھ تبدیل ہو جائے تو کس سے رابطہ کیا جائے

اگر منتقلی کے دوران کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہے تو آپ کو فوراً 0800 121 4600 پر کال کرکے ڈیپارٹمینٹ فار ورکس اینڈ پینشنز DWP سے رابطہ کرنا چاہیے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ ایوارڈ شروع ہونے کی تاریخ تک آپ کے ایوارڈ کا انتظام ڈیپارٹمینٹ فار ورکس اینڈ پینشنز DWPہی کرتا ہے۔

ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس اور ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کے درمیان فرق

- ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس کے نگہداشت والے اجزاء میں پیمنٹ کی تین شرحیں شامل ہیں (سب سے کم، متوسط یا سب سے زیادہ) اور ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کے روزمرہ زندگی والے اجزا میں دو شامل ہیں (سٹینڈرڈ یا بہتر)
- ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کا اندازہ ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس DLA کی نسبت مختلف معیاروں پر لگایا جاتا ہے۔
- ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ آپ کی سرگرمیوں کے ایک مخصوص سیٹ کو انجام دینے کی صلاحیت پر غور کرتی ہے اور اس مدد کی بنیاد پر پوائنٹس مختص کرتی ہے جو آپ کو انہیں مکمل کرنے کے لیے درکار ہو سکتی ہے۔
- ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ آپ کے دن یا رات کے وقت کی ضروریات میں فرق نہیں کرتی ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کے لیے نقل و حرکت پر جس طرح غور کیا جاتا ہے وہ DLA سے مختلف ہے۔ مثال کے طور پر، وہ لوگ جو "معذور ہیں یا عملی طور پر چلنے کے قابل نہیں" نقل و حرکت کے اجزاء کی بلند ترین شرح حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ 20 میٹر سے زیادہ چلنے کے قابل نہیں تو ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں آپ مساوی شرح حاصل کر سکتے ہیں۔
- ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں اس بات پر غور کیاجاتا ہے کہ کسی کی معذوری ان پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے بجائے اس کے کہ صرف ان کی تشخیص پر فیصلہ کیا جائے۔
- اگر کسی شخص کے مرض الموت کی تشخیص ہوتی ہے تو وہ خود بخود ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کے روزمرہ زندگی اور نقل و حرکت دونوں اجزاء کا حقدار ہو جاتا ہے۔
- مرض الموت کے متعلق ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کی تعریف DLA کی تعریف سے مختلف ہے۔ ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کلینکل فیصلے پر مبنی ہوتی ہے اور اس میں ایک مقررہ لائف ایکسپیکٹنسی یعنی متوقع عمر شامل نہیں ہوتی۔

ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس ایوارڈ کو ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں منتقل کرنے کی درخواست کرنا

جب آپ کے ایوارڈ کا DLA سے ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں منتقل ہونے کے نتیجے میں جائزہ لیا جاتا ہے تو اس میں یہ کام متوقع ہوتے ہیں:

- اسی طرح رہے
- کمی آجائے
- بند کیا جائے
- اضافہ کیا جائے

آپ کے ایوارڈ میں تبدیلیاں آپ کے انفرادی حالات پر کیسے منحصر ہوں گی، اگر ہوں گی تو۔

اگر آپ اپنے DLA کو ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں منتقل کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں، تو آپ کو 0800 085 7145 پر سٹیزن ایڈوائس اسکاٹ لینڈ سے بات کر کے آزادانہ مشورہ حاصل کرنا چاہیے۔ ایک ایڈوائزر آپ سے آپ کے حالات کے بارے میں بات کر سکے گا اور اس بارے میں گفتگو کر سکے گا کہ ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں جانے سے پہلے آپ کو کن چیزوں پر غور کرنا چاہیے۔

سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ سے آپ کو کیا مدد متوقع ہے؟

منتقلی کے عمل اور یہ کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے، کے بارے میں ہم آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دے سکتے ہیں۔

mygov.scot/benefit-transfer پر جا کر آپ منتقلی کے عمل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں

COMMS/ DLA سے ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں منتقلی حقائق نامہ/V1.0/اگست 2022

لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: 4000 244 0300+ 18001 (جنہیں سماعت کا مسئلہ ہو)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

ویب چیٹ: chat.socialsecurity.gov.scot